روزنامہ

الفضل

ٹیلی فون نمبر 047-6213029 C.P.L 29-FD

ایڈیٹر: عبدالسمیع خان

Web: http://www.alfazl.org
Email: editor@alfazl.org

پیر 7 نومبر 2005ء 4 شوال 1426 ہجری 7 نبوت 1384 ہش جلد 55-90 نمبر 248

سب گناہ معاف کر دے

حضرت عائشہؓ بیان کرتی ہیں کہ ایک رات اپنی باری پر حضور ﷺ کو بستر پر نہ پا کر میں پریشان ہوئی۔ اندھیرے میں ادھر ادھر ہاتھ مارا تو آپ کو حالت سجدہ میں یہ دعا کرتے پایا اے اللہ میرے پوشیدہ اور ظاہر سب گناہ معاف فرما دے۔

(سنن نسائی کتاب التطبیق حدیث نمبر :1113)

ارشادات عالیہ حضرت بانی سلسلہ احمدیہ

جس طرح طبیب کے پاس کوئی بیمار جاتا ہے تو اس وقت تک وہ اس کا علاج نہیں کر سکتا۔ جب تک وہ یہ تشخیص نہ کر لے کہ مرض کا اصل سبب کیا ہے اور جب وہ مرض کا اصل سبب معلوم کر لیتا ہے تو پھر وہ اس کا علاج تجویز کرتا ہے۔ لیکن جب تک پورے پورے طور پر مرض کی تشخیص نہیں ہو لیتی تو وہ عمدہ طور پر اس کا علاج نہیں سوچ سکتا۔ ٹھیک یہی حال گناہ کا ہے کیونکہ گناہ ایک روحانی بیماری ہے جب تک اس کی ماہیت معلوم نہیں ہوتی۔ اس وقت تک انسان گناہ سے بچ نہیں سکتا۔ اس پر یہ سوال ہو سکتا ہے کہ انسان گناہ کی طرف کیوں جھکتا ہے اور یہ گناہ کا خیال پیدا ہی کیوں ہوتا ہے؟ اس کا جواب یہ ہے کہ عام طور پر دیکھا جاتا ہے کہ اس وقت تک انسان گناہ کرتا ہے جب تک وہ خدا سے بے خبر رہتا ہے بھلا کیا کوئی شخص جو چوری کرتا ہے وہ اس وقت کرتا ہے جبکہ گھر کا مالک جاگتا ہو اور روشنی بھی ہو یا اس وقت کرتا ہے؟ جبکہ گھر کا مالک سویا ہوا ہو اور ایسا اندھیرا ہو کہ کچھ دکھائی نہ دیتا ہو؟ صاف ظاہر ہے کہ وہ اس وقت چوری کرتا ہے جب وہ یقین کرتا ہے کہ مالک بے خبر ہے اور روشنی نہیں ہے۔ اسی طرح پر ایک شخص جو گناہ کرتا ہے وہ اس وقت کرتا ہے جبکہ خدا سے بے خبر ہو جاتا ہے اور اس کو اس پر کچھ یقین نہیں ہوتا نہ اس وقت جبکہ اس کو یقین ہو کہ خدا ہے۔ اور وہ اس کے اعمال کو دیکھتا ہے اور اس کو سزا دے سکتا ہے اور یہ علم ہو کہ اگر میں کوئی کام اس کی خلاف مرضی کروں گا تو وہ اس کی سزا دے گا۔ جب یہ علم اور یقین خدا کی نسبت ہو تو پھر گناہ کی طرف میل اور توجہ نہیں ہو سکتی۔ جب انسان یہ یقین رکھتا ہے کہ میں ہمیشہ اس کے ماتحت ہوں اور وہ میری بداعمالیوں کی سزا دے سکتا ہے اور میرے اعمال کو دیکھتا ہے پھر جرات نہیں کر سکتا۔ جیسے ایک بھیڑ کو بھیڑیئے کے سامنے باندھ دیا جاوے تو کسی دوسرے کے کھیت کی طرف جانا در کنار اس کے سامنے کتنا ہی گھاس کھانے کے لئے ڈالا جاوے تو وہ اس کی طرف آنکھ اٹھا کر بھی نہیں دیکھے گی کیونکہ ایک خوف جان اس پر غلبہ کئے ہوئے ہے۔ پس جبکہ خوف ایک وحشی جانور تک اپنا اتنا اثر کر سکتا ہے کہ وہ کھانا تک چھوڑ دیتا ہے تو پھر انسان جب اپنے آپ کو خدا تعالیٰ کے سامنے اسی طرح سمجھے۔ اور یقین کرے کہ وہ دیکھتا ہے اور گناہ پر سزا دیتا ہے تو اس یقین کے بعد گناہ کی طرف متوجہ نہیں ہو سکتا بلکہ وہ یقین رکھتا ہے کہ وہ صاعقہ کی طرح اس پر گرے گا اور تباہ کر دے گا۔

پس یہ خوف جو خدا تعالیٰ کو بزرگ و برتر اور قدرت والا ماننے سے پیدا ہوتا ہے اس کو گناہ سے بچائے گا اور یہ سچا ایمان پیدا کرے گا۔

(ملفوظات جلد دوم ص 605)

تبرکات حضرت مسیح موعود

سیدنا حضرت مسیح موعود کے تمام تبرکات کو تاریخی طور پر مستند قرار دینے کیلئے اعلان ہذا کے ذریعہ ایسے احباب جماعت جن کی تحویل میں سیدنا حضرت مسیح موعود کا کوئی تبرک ہے گزارش کی جاتی ہے کہ وہ خلیفہ وقت کی قائم فرمودہ تبرکات کمیٹی کو درج ذیل ایڈریس پر اطلاع بھجوا کر ممنون فرمائیں۔ اطلاع آنے پر ان احباب کی خدمت میں ایک فارم بھجوایا جائے گا جسے پر کر کے وہ کمیٹی کو واپس بھجوائیں گے۔ اس صورت میں کمیٹی ان تبرکات کا اندراج اپنے ریکارڈ میں محفوظ کر سکے گی۔

(سیکرٹری تبرکات کمیٹی دفتر نظارت تعلیم
ٹیلی فون: 0092-4524-212473)

مریم شادی فنڈ

حضرت امام جماعت رابع نے اپنی زندگی میں جو آخری مالی تحریک فرمائی وہ ''مریم شادی فنڈ'' ہے۔

مورخہ 28 فروری 2003ء کے خطبہ جمعہ میں اس تحریک کا اعلان کرتے ہوئے آپ نے فرمایا:۔

''اس فنڈ کا نام مریم شادی فنڈ رکھ دیتا ہوں امید ہے کہ اب یہ فنڈ کبھی ختم نہیں ہوگا اور ہمیشہ غریب بچیوں کو عزت کے ساتھ رخصت کیا جا سکے گا۔''

(الفضل 6 مئی 2003ء)

احباب جماعت کو حضور کی اس تحریک میں خدا تعالیٰ کی دی ہوئی توفیق سے ضرور حصہ لینا چاہئے اور اپنی شادیوں کے مواقع پر اس تحریک میں بھی ادائیگی کرنی چاہئے تا کہ مستحق، بے سہارا اور یتیم بچیاں بھی عزت کے ساتھ رخصت ہو سکیں نیز ایسے افراد جنہیں اللہ تعالیٰ نے مالی فراخی عطا فرمائی ہے وہ شکرانے کے طور پر اپنی استطاعت کے مطابق ضرور اس بابرکت تحریک میں شامل ہونے کی کوشش کریں۔ جزاکم اللہ

(ناظر اعلیٰ)

محترم مولانا دوست محمد صاحب شاہد مورخ احمدیت

عالم روحانی کے لعل و جواہر نمبر 358

حضرت مولوی حکیم عبدالعزیز صاحب (ولادت 1888ء بیعت 1904ء وفات 17 راگست 1982ء) سلسلہ احمدیہ کے قدیم بزرگ اور عالم دین حضرت مولانا عبداللہ صاحب بھینی تحصیل شرقپور کے صاحبزادے تھے جن کی خدمات دینیہ کا ابتدائی ذکر صدر انجمن احمدیہ قادیان کی سالانہ رپورٹ 20-1919ء ص 70 میں مقامی جماعت کے سیکرٹری کی حیثیت سے ملتا ہے۔ آپ کی پوری زندگی دینی شغف اور ملنساری اور خدمت سے عبارت تھی۔

حضرت مولوی صاحب نے میری درخواست پر اپنا خاندانی شجرہ نسب عطا فرمایا۔ جس کے مطابق آپ اپنے جدامجد مخدوم چنن دین صاحب راجپوت کھوکھر کی تیرھویں پشت میں سے تھے۔

ذیل میں اس علمی خاندان کے تین اہل کشف و کرامات اولیاء کا ذکر حضرت مولوی صاحب ہی کے قلم سے درج ذیل کیا جاتا ہے۔

1۔ مخدوم غلام محمد صاحب

یہ بزرگ مخدوم لنگر کے رہنے والے تھے اگرچہ دنیوی جاہ وحشمت کے مالک تھے مگر دنیوی تخیلات کو چھوڑ کر ریاضت وعبادت وذکر الٰہی کی طرف راغب ہو چکے تھے اور صاحب کشف کرامات تھے چونکہ پہلے آپ شاہدرہ میں آکر قیام پذیر ہوئے تھے۔ آپ کی کرامات وغیرہ دیکھنے پر مغلیہ خاندان کا ایک وزیر آپ کا معتقد ہو گیا اور وہیں ان کی شادی بھی کرادی جن سے ایک لڑکا مسمی ابراہیم پیدا ہوا۔ مخدوم ابراہیم جب بالغ ہوئے تو ان کی تقویٰ شعاری کو ملحوظ رکھتے ہوئے اس وزیر نے اپنی لڑکی کی شادی ان سے کردی جن سے ایک لڑکا پیدا ہوا جس کا نام مخدوم عبدالرحیم تھا۔ مخدوم ابراہیم کے نسبتی بھائیوں نے اس امر کو مکروہ سمجھتے ہوئے کہ ایک غریب اور فقیر کا لڑکا ان کا بہنوئی ہو مخدوم ابراہیم کو قتل کر دیا اور کسی مکان میں اس کی لاش دفنا دی۔ مخدوم غلام محمد صاحب کو جو موضع منڈیانوالہ میں رہتے تھے یہ واقعہ کشفی رنگ میں اللہ تعالیٰ نے ان کو دکھا دیا کہ آپ کا بیٹا قتل کر دیا گیا ہے اور فلاں جگہ مدفون ہے آپ وہاں پہنچے اور ان قاتلوں نے حیلہ بہانہ شروع کر دیا اور کہا کہ معلوم ہوتا ہے کہ وہ کہیں دریا میں ڈوب گیا ہے۔ آپ نے فرمایا کہ مجھے اللہ تعالیٰ نے اطلاع دے دی ہے کہ آپ لوگوں نے اسے قتل کر دیا ہے اور مجھے اس کی جگہ بھی دکھلائی گئی ہے جہاں وہ دفن ہے چنانچہ اسی جگہ سے اس کی لاش برآمد ہوئی۔ چنانچہ آپ نے اس لاش کو نکال کر ساتھ لے لیا اور اپنے پوتے کو بھی ساتھ لے لیا۔ آپ کی بہونے اس بچے کو چھینا چاہا تو آپ نے اس کے لیے بددعا کی اور وہ بہو پاگل ہو کر مرگئی۔

چنانچہ آپ اپنے بیٹے کی لاش اور اپنے پوتے کو لے کر موضع منڈیانوالہ میں پہنچے اور وہاں جا کر اس لاش کو دفن کیا۔ اور بعد ازاں آپ بھی وہیں فوت ہوئے اور وہیں دفن ہوئے۔

2۔ مخدوم ابراہیم صاحب

یہ صاحب میرے دادا صاحب تھے اور آپ فارسی کے بہت بڑے عالم تھے اور عابد، زاہد، صاحب کشف کرامات تھے دنیا کو پس پشت ڈال چکے تھے۔

3۔ مخدوم خدایار صاحب

یہ صاحب بھی حضرت مسیح موعود کے رفیق ہیں۔ 1908ء میں آپ نے حضرت مسیح موعود کے ہاتھ پر لاہور میں بیعت کی اور بیعت کے وقت حضرت مسیح موعود کے چہرہ مبارک کی روشنی کے آپ شاہد ہیں۔ جب موضع بھینی سے 1932ء میں ہجرت کر کے قادیان چلا گیا تو میرے بعد آپ امیر جماعت مقرر ہوئے اور جماعت کا نظام تاحال قائم کیے ہوئے ہیں"۔

ہر گز نمیرد آنکہ دلش زندہ شد بعشق
ثبت است بر جرید عالم دوام ما

(وہ شخص ہرگز نہیں مرتا جس کا دل عشق سے زندہ ہو گیا۔ صفحہ عالم پر ہمارا دوام نقش ہو گیا ہے)

(الہامی شعر 28 مارچ 1884ء)

قوم کی قیمتی امانت

حضرت مصلح موعود فرماتے ہیں۔

پھر اس لئے بھی وہ (یتیم) محبت اور حسن سلوک کے مستحق ہوتے ہیں کہ وہ اپنے والدین کے سایہ عاطفت سے بچپن میں ہی محروم ہو جاتے ہیں اور اس وجہ سے وہ قوم کی ایک قیمتی امانت ہوتے ہیں۔ اگر ان کی صحیح نگرانی کی جائے ان کی تعلیم وتربیت کا انتظام کیا جائے ان کو آوارگی سے محفوظ رکھا جائے تو وہ قوم کا ایک مفید وجود بن جاتے ہیں اور نہ صرف ان کی اپنی زندگی منور ہو جاتی ہے بلکہ وہ دوسروں کی زندگیوں کو بھی سنوارنے والے بن جاتے ہیں۔ (تفسیر کبیر جلد 2 صفحہ 7)

یتامیٰ کمیٹی کے زیر کفالت اب تک سینکڑوں یتیم بچے احباب جماعت کے تعاون سے اعلیٰ تعلیم حاصل کر کے نمایاں مقام حاصل کر چکے ہیں۔ ان میں سے بعض نے یونیورسٹیز میں ٹاپ کیا۔ بعض انجینئر وکلاء اور سول جج بنے۔ اس وقت 1500 سے زائد بچے کمیٹی کے زیر کفالت پرورش پا رہے ہیں۔ ان کی زندگیاں منور کرنے اور جماعت کے مفید وجود بنانے کیلئے آپ کی دعاؤں اور تعاون کے طلب گار ہیں۔

(کمیٹی کفالت یکصد یتامیٰ دارالضیافت ربوہ)

تعارف کتب

انوار العلوم جلد 16

نام کتاب: انوار العلوم
جلد: 16
مجموعہ تصانیف: سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الثانی
ناشر: فضل عمر فاؤنڈیشن
سن اشاعت: 2005ء
تعداد صفحات: 660
شائع کردہ: رقیم پریس، ٹلفورڈ، سرے۔ یوکے

سیدنا حضرت مصلح موعود کا وجود اللہ تعالیٰ کے عظیم الشان نشانوں میں سے ایک ہے۔ خدا تعالیٰ نے اس ذہن وفہیم وجود کو علوم ظاہری و باطنی سے پُر کیا۔ حضور کا عہد خلافت ایک تاریخ ساز دور تھا جو نصف صدی تک ممتد رہا۔ اس طویل اور کامیاب دور میں جہاں حضور نے اپنی پُر معارف تقاریر، خطبات اور تصانیف کے ذریعہ بنی نوع انسان کو علوم ومعرفت کی دولت سے مالا مال کیا وہاں جماعت کی تربیت اصلاح اور رشد وہدایت کا ایسا یادگار علمی خزانہ چھوڑا جس کی افادیت اور عظمت دائمی حیثیت رکھتی ہے اور جو پیشگوئی مصلح موعود کے الہامی الفاظ "وہ علوم ظاہری و باطنی سے پُر کیا جائے گا" پر شاہد ناطق ہے۔

ادارہ فضل عمر فاؤنڈیشن حضرت مصلح موعود کے علمی خزائن کو مرحلہ وار شائع کرنے کی سعادت حاصل کر رہا ہے یہ اس سلسلہ کی 16 ویں کڑی ہے جو 24 دسمبر 1940ء سے 14 جنوری 1943ء تک 19 مختلف تقاریر وتحریرات پر مشتمل ہے۔

انوار العلوم کی یہ جلد بھی سیدنا حضرت فضل عمر کی بلند پایہ علمی استعداد، روحانی مقام، ذہانت وفطانت، آپ کی اولوالعزم قیادت اور آپ کے علوم ظاہری و باطنی سے پُر ہونے کی روشن مثال ہے۔

جلسہ ہائے سالانہ 1940ء، 1941ء اور 1942ء کے مواقع پر تینوں ایام اور مستورات سے کیے جانے والے خطابات بھی اس کتاب کی زینت ہیں۔ ان خطابات میں "سیر روحانی" کے نام سے دو تقاریر بھی شامل ہیں جو اپنی نوعیت کی منفرد، بلند پایہ علمی اور تاریخی حیثیت کی حامل ہیں۔ جن میں حضور نے دنیاوی مقامات کی روحانی دنیا کے مقامات سے مماثلت بیان فرمائی۔ سیر روحانی کی تمام تقاریر علیحدہ ایک ضخیم جلد کی صورت میں بھی ادارہ ہذا کی طرف سے شائع شدہ ہے۔

جلسہ سالانہ 1942ء کے موقع پر سیدنا حضرت مصلح موعود نے "نظام نو" کے موضوع پر ایک معرکۃ الآراء خطاب فرمایا جس میں دنیا کی مختلف سیاسی تحریکات اور معاشی نظاموں پر بحث فرمانے کے بعد دین کے اقتصادی و معاشی نظام کی برتری ثابت فرمائی کہ اب نظام وصیت کے ذریعہ دنیا میں "نظام نو" قائم ہوگا اور اس نظام کی تکمیل سے دنیا کے معاشی اور معاشرتی مسائل حل ہوں گے۔ یہ خطاب بھی اس جلد میں شامل ہے۔

سیاسی راہنمائی کے لئے حضور نے عراق کے حالات کے حوالہ سے آل انڈیا ریڈیو سٹیشن لاہور سے ایک تقریر فرمائی۔ یہ تقریر بھی اس جلد میں شامل ہے۔

اسی طرح سر سکندر حیات کی وفات سے پنجاب کی سیاسی فضا میں پیدا ہونے والے خلا اور ہیجان سے ممبران پنجاب اسمبلی کو اتحاد و یگانگت پر مبنی مخلصانہ مشورہ سے حضور نے نوازا اور روزنامہ الفضل قادیان میں آپ نے مضمون کی اشاعت کے ذریعہ اس تناظر میں اہل پنجاب کی راہنمائی فرمائی۔ یہ مضمون بھی جلد ہذا میں شامل اشاعت ہے۔

خدام الاحمدیہ کے اجتماعات کے مواقع پر حضور نے خدام کو زریں نصائح فرماتے ہوئے ان کی ذمہ داریوں کی طرف توجہ دلائی۔ یہ زریں ہدایات بھی اس کتاب کی زینت ہیں۔

الغرض انوار العلوم کی جلد 16 تاریخ احمدیت اور تاریخ عالم میں رونما ہونے والے کئی اہم واقعات کی آگاہی بھی دیتی ہے اور ان مواقع پر حضرت مصلح موعود کے ولولہ انگیز اور حقائق ومعارف سے پُر خطابات کے ذریعہ ہماری علمی پیاس بھی بجھاتی ہے۔

کتاب کے آخر پر 37 صفحات پر مشتمل انڈیکس ہے جو کلید مضامین، آیات قرآنیہ، احادیث، اسماء، مقامات اور کتابیات پر مشتمل ہے۔ حضور کی یہ پُر شوکت تحریرات اور خطابات احباب کے ازدیاد ایمان اور ازدیاد علم کا باعث بنیں گے۔ (ع۔س۔خ)

الفضل سالانہ نمبر میں اشتہارات جلد بھجوائیں

روزنامہ الفضل کا سالانہ نمبر دسمبر 2005ء میں شائع ہو رہا ہے احباب کرام اپنی تجارت کو فروغ دینے کیلئے اس تاریخی نمبر میں اشتہارات کی بکنگ کیلئے دفتر روزنامہ الفضل دارالنصر غربی ربوہ سے فوری رابطہ کریں۔ اندر کے سادہ صفحات پر اشتہار کا ریٹ سنگل کالم فی انچ مبلغ -/350 روپے ہے۔ اگر آپ رنگین اشتہارات شائع کروانا چاہتے ہیں تو کم از کم نصف صفحہ کا اشتہار ارسال فرمائیں۔ مزید تفصیل کیلئے مندرجہ ذیل فون نمبر پر رابطہ کریں۔ یا مکرم چوہدری منیر احمد صاحب نگران شعبہ اشتہارات سے ملیں۔

فون نمبر: 047-6213029

(اشتہارات 10 نومبر سے پہلے بھجوائیں)

(مینیجر روزنامہ الفضل)

پبلشر آغا سیف اللہ، پرنٹر سلطان احمد ڈوگر مطبع ضیاء الاسلام پریس مقام اشاعت دارالنصر غربی چناب نگر (ربوہ) قیمت -/4 روپے

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے زریں اور پُر معانی ارشادات کی روشنی میں

ابتلاؤں کا فلسفہ و معانی اور قرب الٰہی کے لئے اس کی ضرورت واہمیت

عظیم جزائیں عظیم ابتلاؤں کے ساتھ وابستہ ہیں اور یہ مومن کی مغفرت اور حصول جنت کا موجب ہوتے ہیں

عبدالسمیع خان

اللہ تعالیٰ قرآن کریم میں فرماتا ہے:۔

کیا تم گمان کرتے ہو کہ تم جنت میں داخل ہو جاؤ گے جبکہ ابھی تک تم پر ان لوگوں جیسے حالات نہیں آئے جو تم سے پہلے گزر چکے ہیں۔ انہیں سختیاں اور تکلیفیں پہنچیں اور وہ ہلا کر رکھ دیئے گئے یہاں تک کہ رسول اور وہ جو اس کے ساتھ تھے پکار اٹھے اللہ کی مدد کب آئے گی۔ سنو یقیناً اللہ کی مدد قریب ہے۔

(سورۃ البقرہ آیت نمبر 215)

چار پیغام

سورۃ بقرہ کی یہ آیت ہمیں چار واضح پیغام دیتی ہے۔

1۔ الٰہی جماعتوں پر ابتلاؤں کا آنا قدیم سے الٰہی سنت اور کوئی نبی اور اس کی قوم اس سے باہر نہیں رہے۔

2۔ مصائب اور مشکلات کا یہ دور اس لئے آتا ہے کہ مومن خدا تعالیٰ سے اپنا تعلق اور بھی بڑھائیں۔

3۔ ابتلاء اپنی شدت میں اس انتہا کو پہنچ جاتے ہیں کہ مومنوں کا خدا کے سوا ہر سہارا ٹوٹ جاتا ہے۔ تب بھی مومن خدا سے مایوس نہیں ہوتے اور اسی کو فتح کے لئے پکارتے ہیں۔

4۔ خدا تعالیٰ ان ابتلاؤں کے نتیجے میں مومنوں کو ضائع اور برباد نہیں کرتا بلکہ بے انتہا دکھوں کے اوقات میں ان کے لئے فتح کی بشارتیں لے کر نازل ہوتا ہے اور ان کو غالب اور فتح مند کرتا ہے۔

یہ وہ مضامین ہیں جو سارے قرآن میں پھیلے پڑے ہیں اور قرآن کریم نے انبیاء اور ان کی متبعین کی استقامت کی حیرت انگیز تاریخ رقم فرمائی ہے۔ آنحضرت ﷺ نے بھی اپنے غلاموں کی اسی راستہ کی طرف رہنمائی فرمائی ہے۔

حضرت خباب بن ارتؓ بیان کرتے ہیں کہ ہم نے آنحضرت ﷺ سے اپنی تکالیف کا ذکر کیا۔ آپؐ کعبہ کے سایہ میں چادر کو سرہانہ بنائے لیٹے ہوئے تھے۔ ہم نے عرض کی کیا آپ ہمارے لئے اللہ تعالیٰ سے مدد نہیں مانگتے اور دعا نہیں کرتے کہ اللہ تعالیٰ سختی کے یہ دن ختم کردے۔ اس پر آپؐ نے فرمایا تم سے پہلے ایسے لوگ گزرے ہیں جن کے لئے مذہبی دشمنی کی وجہ سے گڑھے کھودے جاتے اور ان میں انہیں گاڑ دیا جاتا۔ پھر آرا لایا جاتا اور ان کے سر پر رکھ کر انہیں دو ٹکڑے کر دیا جاتا۔ لیکن وہ اپنے دین اور عقیدہ سے نہ پھرتے اور بعض اوقات لوہے کی کنگھی سے مومن کا گوشت نوچ لیا جاتا، ہڈیاں اور پٹھے ننگے کردیئے جاتے لیکن یہ ظلم اس کو اپنے دین سے نہ ہٹا سکتا۔ اللہ تعالیٰ اس دین کو ضرور کمال اور اقتدار بخشے گا یہاں تک کہ اس کے قائم کردہ امن و امان کی وجہ سے صنعاء سے حضر موت تک اکیلا شتر سوار چلے گا۔ اللہ کے سوا اسے کسی کا ڈر نہیں ہوگا۔

(صحیح بخاری کتاب المناقب باب علامات النبوۃ فی الاسلام۔ حدیث 3342)

ایمان کے بعد اہم ترین چیز

آنحضرت ﷺ اور آپؐ کے صحابہؓ نے کس طرح پہلوں سے بڑھ کر استقامت کے نمونے دکھائے۔ ان کا مطالعہ کرنے سے قبل یہ اصول ملاحظہ فرمائیں کہ آنحضرت ﷺ نے ایمان کے بعد سب سے زیادہ اہم چیز استقامت کو قرار دیا ہے۔

حضرت سفیانؓ بیان کرتے ہیں کہ ایک دفعہ میں نے کہا۔ اے اللہ کے رسولؐ! مجھے دین کی کوئی ایسی بات بتایئے کہ اس کے بعد کسی اور سے پوچھنے کی ضرورت نہ رہے۔ رسول اللہؐ نے جواب دیا تم یہ کہو کہ میں اللہ تعالیٰ پر ایمان لایا اور پھر اس پر استقامت اختیار کر۔

(مسلم کتاب الایمان۔ باب جامع اوصاف الاسلام حدیث نمبر 55)

یہاں استقامت سے مراد ایمان کے تقاضوں کو ادا کرنا بھی ہے اور دشمنوں کی طرف سے ملنے والی اذیتوں پر صبر بھی ہے۔ جس کے ماحصل کے طور پر عظیم انعامات عطا کئے جاتے ہیں۔

عظیم جزائیں

حضرت انسؓ بیان کرتے ہیں کہ آنحضرت ﷺ نے فرمایا:۔

عظیم جزاء عظیم ابتلا کے ساتھ وابستہ ہے۔ جب اللہ کسی قوم سے پیار کرتا ہے تو انہیں ابتلاؤں میں ڈالتا ہے۔ جو استقامت دکھائے اور خدا سے راضی رہے خدا بھی اس سے راضی ہو جاتا ہے۔ اور جو خدا سے ناراض ہو جائے خدا بھی اس سے ناراض ہو جاتا ہے۔

(جامع ترمذی کتاب الزہد باب فی الصبر علی البلاء۔ حدیث نمبر 2320)

اللہ کے انبیاء سب سے بڑھ کر ابتلاؤں سے نبرد آزما ہوتے اور وفا دکھاتے ہیں۔ اس لئے وہی سب سے زیادہ جزاؤں کے مستحق ٹھہرتے ہیں۔

سب سے زیادہ ابتلاء

حضرت سعدؓ کہتے ہیں کہ میں نے آنحضرت ﷺ سے پوچھا سب سے زیادہ اور سخت ابتلاء کن پر آتے ہیں۔ فرمایا انبیاء پر۔ پھر جوان کے قریب تر ہوں۔ پھر جوان کے قریب تر ہوں۔ انسان اپنے دین کی مضبوطی کے حساب سے آزمایا جاتا ہے۔ اگر اس کے دین میں شدت ہو تو اس کا ابتلاء بھی سخت ہوتا ہے اور اگر اس کے دین میں کمزوری ہو تو اس کا ابتلاء بھی دین کے مطابق ہوتا ہے۔ پھر یہ ابتلاء انسان کو اس حال میں چھوڑتا ہے کہ وہ زمین پر چلتا پھرتا ہے اور اس کی کوئی خطا باقی نہیں رہتی۔

(جامع ترمذی کتاب الزہد باب فی الصبر علی البلاء۔ حدیث نمبر 2322)

قرب الٰہی کی راہ

صبر اور برداشت کے نتیجہ میں قرب الٰہی کی یہ وہ برکت ہے جو صرف اور صرف مومن کو میسر ہے۔

حضرت صہیب بن سنانؓ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا مومن کا معاملہ بھی عجیب ہے۔ اس کے سارے کام برکت ہی برکت ہوتے ہیں۔ یہ فضل صرف مومن کے لئے مختص ہے۔ اگر اس کو کوئی خوشی و مسرت اور فراخی نصیب ہو تو وہ اللہ تعالیٰ کا شکر کرتا ہے اور اس کی شکرگزاری اس کے لئے مزید خیر و برکت کا موجب بنتی ہے اور اگر اس کو کوئی دکھ اور رنج، تنگی اور نقصان پہنچے تو وہ صبر کرتا ہے اور اس کا یہ طرز عمل بھی اس کے لئے خیر و برکت کا ہی باعث بن جاتا ہے کیونکہ وہ صبر کر کے ثواب حاصل کرتا ہے۔

(مسلم کتاب الزہد باب المومن امرہ کلہ خیر)

حضرت مصلح موعود ایک نظم میں فرماتے ہیں:۔

ہو فضل تیرا یارب یا کوئی ابتلاء ہو
راضی ہیں ہم اسی میں جس میں تری رضا ہو

(کلام محمود)

مغفرت کا سامان

جہاں تک عام مومنوں کی کیفیت ہے، اللہ تعالیٰ انہیں روزمرہ کی چھوٹی موٹی تکالیف کے ذریعہ آزماتا ہے اور ان کے صبر کے نتیجہ میں مغفرت کا سامان کرتا ہے۔

حضرت ابو ہریرہؓ بیان کرتے ہیں کہ آنحضرت ﷺ نے فرمایا کسی مومن کو کوئی مصیبت، کوئی دکھ، کوئی رنج و غم، کوئی تکلیف اور پریشانی نہیں پہنچتی یہاں تک کہ ایک کانٹا بھی نہیں چبھتا مگر اللہ تعالیٰ اس کی اس تکلیف کو اس کے گناہوں کا کفارہ بنا دیتا ہے۔

(صحیح بخاری کتاب المرضیٰ باب فی کفارۃ المرض۔ حدیث نمبر 5210)

حصول جنت

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:۔

اللہ تعالیٰ فرماتا ہے۔ میں نے اپنے جس بندے کی دونوں آنکھیں لے لیں اور اس نے صبر کیا (یعنی علاج کے تمام ممکنہ ذرائع استعمال کرنے کے بعد راضی برضا رہا) میں اس کے صبر کے عوض اسے جنت عطا کروں گا۔

(بخاری کتاب المرضیٰ باب فضل من ذھب بصرہ۔ حدیث نمبر 5221)

حضرت ابو ہریرہؓ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:۔

مومن اور مومنہ پر قسما قسم کے ابتلاء اس کی اپنی ذات اور مال اور اولاد کے بارہ میں وارد ہوتے رہتے ہیں۔ یہاں تک کہ جب وہ مرنے کے بعد خدا سے ملتا ہے تو اس کی کوئی خطا باقی نہیں رہ جاتی۔

(ترمذی کتاب الزہد باب فی الصبر علی البلاء۔ حدیث نمبر 2323)

حضرت جابرؓ بیان کرتے ہیں کہ حضورؐ نے فرمایا:۔

قیامت کے دن جب ابتلاؤں سے گزرنے والوں کو ثواب دیا جائے گا تو اہل عافیت یعنی جو ابتلاؤں سے محفوظ رہے، خواہش کریں گے کہ کاش دنیا میں ان کی کھالیں قینچیوں سے کتری جاتیں تا کہ وہ بھی ثواب حاصل کرتے۔

(ترمذی کتاب الزہد باب فی ذھاب البصر۔ حدیث نمبر 2325)

حضرت مسیح موعود فرماتے ہیں:۔

خدا تعالیٰ کے مامور پر ایمان لانے کے ساتھ ابتلاء ضروری ہے۔ خدا تعالیٰ فرماتا ہے کہ (-) کیا لوگوں نے سمجھا کہ چھوڑے جائیں گے یہ کہنے پر کہ ہم ایمان لائے اور آزمائے نہ جائیں گے۔ گویا ایمان کی شرط ہے آزمایا جانا۔ صحابہ کرام کیسے آزمائے گئے۔ ان

کی قوم نے طرح طرح کے عذاب دیئے ان کے اموال پر بھی ابتلاء آئے۔ جانوں پر بھی، خویش و اقارب پر بھی۔ اگر ایمان لانے کے بعد آسائش کی زندگی آجاوے تو اندیشہ کرنا چاہئے کہ میرا ایمان صحیح نہیں کیونکہ یہ سنت اللہ کے خلاف ہے کہ مومن پر ابتلاء نہ آئے۔ آنحضرت ﷺ سے بڑھ کر کوئی نہیں ہوسکتا۔ وہ جب اپنی رسالت پر ایمان لائے تو اسی وقت سے مصائب کا سلسلہ شروع ہوگیا۔ عزیزوں سے جدا ہوئے۔ میل ملاپ بند کیا گیا۔ ملک سے نکالے گئے۔ دشمنوں نے زہر تک دے دیا۔ تلواروں کے سامنے زخم کھائے۔ اخیر عمر تک یہی حال رہا۔ پس جب ہمارے مقتداء و پیشوا کے ساتھ ایسا ہوا تو پھر اس پر ایمان لانے والے کون ہیں جو بچے رہیں۔ ایسے ابتلاء جب آویں تو مردانہ طریق سے ان کا مقابلہ کرنا چاہئے۔

ابتلاء اسی واسطے آتے ہیں کہ صادق جدا ہو جائے اور کاذب جدا۔ خدا رحیم ہے مگر وہ غنی اور بے نیاز بھی ہے۔ جب انسان اپنے ایمان کو استقامت کے ساتھ مدد نہ دے تو خدا تعالیٰ کی مدد بھی منقطع ہو جاتی ہے۔
(ملفوظات جلد پنجم صفحہ 444)

پھر فرمایا؛

خدا تعالیٰ پر پورا ایمان اور بھروسہ ہو تو پھر انسان کو تنور میں ڈال دیا جاوے اسے کوئی غم نہیں ہوتا۔ تکالیف کا بھی ایک وقت ہوتا ہے۔ اس کے بعد پھر راحت ہے۔ جیسا بچہ پیدا ہونے کے وقت عورت کو تکلیف ہے بلکہ ساتھ والے بھی روتے ہیں۔ لیکن جب بچہ پیدا ہوگیا تو پھر سب کو خوشی ہے۔ ایسا ہی مومن پر خدا تعالیٰ کی طرف سے ایک تکلیف اور دکھ کا وقت آتا ہے تا کہ وہ آزمایا جائے اور صبر اور استقامت کا اجر پائے۔ اصل میں تکالیف کے دن ہی مبارک دن ہوتے ہیں۔ انبیاء تکالیف کے ساتھ موافقت کرتے ہیں۔ ہر ایک شخص پر نوبت بہ نوبت یہ دن آتے ہیں تا کہ معلوم ہوجائے کہ اس کا تعلق خدا تعالیٰ کے ساتھ اصلی ہے یا نہیں۔ مولوی رومی نے خوب فرمایا ہے ؎

ہر بلا کیں قوم را حق دادہ است
زیر آں گنج کرم بنہادہ است

حدیث میں آتا ہے کہ جب خدا تعالیٰ کسی سے پیار کرتا ہے تو اسے کچھ دکھ دیتا ہے۔ انبیاء کے معجزات انہیں مصائب کے زمانہ کی دعاؤں کا نتیجہ ہوتے ہیں۔ یہ خدا تعالیٰ کا آپریشن ہے جو ہر صادق کے واسطے ضروری ہے۔ (ملفوظات جلد چہارم ص 383)

اللہ کے فضل سے آج دنیا میں صبر اور شکر کے یہ نظارے دکھانے کا اعزاز صرف اور صرف جماعت احمدیہ کو حاصل ہے پس اے احمدی تجھے بشارت ہو جو ایمان کی وجہ سے کل عالم میں مقہور ہے کہ تو خدا کی نظر میں بہت صاحب عزت ہے۔ تیرے لئے اس دنیا میں بھی فتوحات مقدر ہیں اور آخرت میں بے شمار انعامات تیرے منتظر ہیں اور وہ وقت آئے گا جب تجھے ان ابتلاؤں میں ڈالنے والے خواہش کریں گے کہ کاش وہ ان ابتلاؤں سے گزارے جاتے۔

ہومیو ڈاکٹر مقبول احمد صدیقی صاحب

ہومیو پیتھک طریق علاج کی بعض نمایاں خصوصیات

ہومیو پیتھک طریقہ علاج اپنی بعض خوبیوں کی وجہ سے دیگر طریقوں سے نمایاں حیثیت رکھتا ہے۔ اس کا استعمال، حجم، قیمت اور زود اثر ہونے کے علاوہ اس میں اور کئی خصوصیات ہیں۔ تاہم ہر بیماری کیلئے اس طریق کو حتمی بھی نہیں کہا جاسکتا۔ اس لئے مضر اثرات سے بچتے ہوئے جس طریقہ علاج سے شفاء عطا ہو جائے اس کا استعمال کرنا چاہئے۔ ہومیو پیتھک طریقہ علاج کی چند خصوصیات درج ذیل ہیں۔

1 ۔ ہومیو پیتھی کی بنیاد علاج بالمثل یعنی قانون مماثلت کے قدرتی اصول پر ہے۔

2۔ اس طریقہ علاج میں ادویہ بہت ہی نامعلوم سی مقدار اور غیر مادی صورت میں استعمال ہوتی ہیں۔ چنانچہ ہومیو پیتھی کو روحانی طریقہ علاج بھی کہا جاتا ہے۔

3 ۔ یہ بالمثل غیر مادی ادویہ بھی مفرد حالت میں استعمال کی جاتی ہیں۔

4۔ مفرد دوا کو بھی کم سے کم دہرایا جاتا ہے۔ بعض اہم اور بڑے امراض میں صرف ایک خوراک ہی مکمل شفایابی اور صحت کی بحالی کا باعث بن سکتی ہے۔

5۔ یہ ضمنی بداثرات یعنی سائیڈ ایفیکٹس سے پاک طریقہ علاج ہے۔ صحیح تجویز کردہ بالمثل دوا مفرد حالت میں اور وہ بھی کم سے کم استعمال ہونے کی وجہ سے بداثرات سے قطعی طور پر پاک اور مبرا ہوتی ہے۔

6۔ ہومیو پیتھک ادویہ صحت مند انسانوں پر ٹیسٹ کی جاتی ہیں۔

7۔ ہومیو پیتھک ادویہ انسانوں کیلئے زیادہ بہتر اور مفید ہوتی ہیں۔ اس لئے بھی کہ ان ادویہ کی آزمائش (یعنی پروونگ) انسانوں پر ہی کی جاتی ہے اور چونکہ انسانوں پر ہی ادویہ ٹیسٹ ہوتی ہیں لہذا ان ادویہ کے استعمال سے جسم انسانی میں پیدا ہونے والی ظاہری اور مادی تبدیلیوں اور علامات کو نوٹ کیا جاتا ہے۔

8۔ انسان کیلئے نہایت فٹ اور موزوں اس طریق علاج میں انسان کی [illegible] خیالات اور جذبات کو بھرپور مدنظر رکھا جاتا ہے۔ ہر مریض کو اس کے مزاج کے مطابق دوا دی جاتی ہے۔ غصے والے مریض کو علیحدہ اور نرم مزاج مریض کو علیحدہ علیحدہ ڈیل کیا جاتا ہے اس کے علاوہ غم، غصہ، حسد، نفرت، ٹینشن نیز مختلف قسم کے وہموں اور شکوک وشبہات اور نفسیات اور روحانی کیفیات پر یہ طریق خوب گہرا اثر کرتا ہے۔ خوب گہری بری عادات اور نشوں پر تو اس کے اثرات لاجواب ہیں۔ یہ محض ہومیو پیتھی کی خوبی ہے کہ یہ مریض کی گویا پوری شخصیت کو بدلا کے رکھ سکتی ہے۔

9۔ ہومیو پیتھی میں مفرد دوا مریض کی مجموعی علامات پر دی جاتی ہے۔ جبکہ دیگر طریقوں میں انفرادی علامات پر علیحدہ علیحدہ ادویہ دی جاتی ہیں۔

10 ۔ مجموعی علامات پر چونکہ ایک ہی دوا دی جاتی ہے۔ لہذا ثابت ہوا کہ ایک ہی دوا سینکڑوں امراض پر حاوی ہوتی ہے۔ سر سے لے کر پاؤں تک روح و جسم کی مناسبت سے صرف ایک ہی دوا مرض کے خاتمہ کیلئے کافی ہوتی ہے چاہے مریض کو بیسیوں امراض ہی کیوں نہ لاحق ہوں۔ اس کے برعکس دیگر طریقہ ہائے علاج میں سر کی ادویہ علیحدہ ہوتی ہیں، آنکھ کی علیحدہ اور گردوں کی علیحدہ۔ اسی طرح امراض کے نام پر ادویہ دی جاتی ہیں۔ شوگر کی علیحدہ ادویہ، بلڈ پریشر یا کینسر کی ادویہ بالکل علیحدہ ہوتی ہیں۔

11 ۔ روح و جسم پر اثر کرنے والا یہ طریقہ علاج چونکہ سر سے لے کر پاؤں تک ہر جگہ اور ہر عضو اور ہر مرض پر اثر کرتا ہے لہذا اس طریقہ علاج سے مستقل شفا حاصل ہو جاتی ہے اور مرض جڑ سے ختم ہو جاتا ہے اور عود کر نہیں آتا۔

12 ۔ ہومیو پیتھک ادویہ کے ذائقے بدمزہ نہیں ہوتے، کڑوے یا کھٹے نہیں ہوتے لہذا ہر کوئی انہیں آسانی سے استعمال کرسکتا ہے۔ بچے تو میٹھی گولیوں کے دیوانے ہوتے ہیں۔

13 ۔ ہومیو پیتھک پوٹینسیوں کو آپ اپنی مرضی سے کسی بھی طریق سے استعمال کر سکتے ہیں۔ مائع کی صورت میں یا گولیوں کی صورت (میٹھی یا پھیکی کسی بھی قسم کی) یا پاؤڈر میں ڈال کر یا کیپسول میں بھر کر غرض آپ کسی بھی صورت میں انہیں استعمال کر سکتے ہیں یا کروا سکتے ہیں۔ سونگھ کر بھی ہومیو ادویہ اثر کر جاتی ہیں۔ تاہم بہتر یہی ہے کہ دوا منہ میں ڈالی جائے۔ شوگر یا بلڈ پریشر کے مریض بآسانی اپنا طریق اختیار کر سکتے ہیں۔

14 ۔ ہومیو ادویہ زبان پر رکھتے ہی اثر کرنا شروع کر دیتی ہیں۔ معدے میں جانا ضروری نہیں۔ مریض بے ہوش ہو تو دوا کے ایک دو قطرے محض زبان پر ڈال [illegible] شروع کر دے گی۔

15 ۔ ہومیو ادویہ بے رنگ اور بے ذائقہ ہوتی ہیں لہذا وہمی اور شکی مزاج مریضوں کو جو دوا استعمال کرنے سے انکاری ہوں انہیں بغیر بتائے پانی میں ڈال کر دوا دی جاسکتی ہے مریض محض پانی سمجھ کر پیئے گا اور دوا اثر کر جائے گی۔

16 ۔ ہومیو ادویہ بآسانی کہیں بھی استعمال کی جاسکتی ہیں ان کیلئے پانی کے گلاس کی ضرورت بھی نہیں پڑتی۔

17 ۔ ہومیو ادویہ میں انجکشن نہیں ہوتے لہذا بچے بلا خوف بلکہ مزے سے ہومیو ادویہ استعمال کرتے ہیں۔ اس کے برعکس انجکشن سے وہ خوف کھاتے ہیں۔

18 ۔ ہومیو پیتھک ادویہ مریض خود بھی استعمال کرسکتا ہے اس کے برعکس انجکشن لگانے کیلئے کسی دوسرے ماہر شخص کی ضرورت پڑتی ہے۔ آکوپنکچر میں بھی سوئیاں لگانے کیلئے ڈاکٹر کا سہارا ناگزیر ہوتا ہے۔

19 ۔ ہومیو ادویہ بے حد کم جگہ گھیرتی ہیں ایک ہی بکس میں سینکڑوں ادویہ رکھی جاسکتی ہیں۔ مسعود ہومیو پیتھک کمپنی لاہور نے ایک بٹوہ تیار کیا ہے جو آسانی سے جیب میں رکھا جاسکتا ہے۔ اس میں 32 ادویہ رکھی ہوئی ہیں۔

20 ۔ ہومیو پیتھک ادویہ کو رکھنے کیلئے فریج وغیرہ کی قطعی ضرورت نہیں ہوتی اس کے برعکس ایلو پیتھک طریقہ ہائے علاج میں بعض ادویہ یا انجکشن ایسے ہوتے ہیں کہ ان کو رکھنے کیلئے فریج کی ضرورت پڑتی ہے۔

21 ۔ ہومیو پیتھک ادویہ سالہا سال تک Expire نہیں ہوتیں۔ ان کی Expiry کی کوئی مدت نہیں ہوتی۔

22 ۔ ہومیو پیتھک ادویہ سستی ہوتی ہیں امیر اور غریب ہر کوئی اسے خرید سکتا ہے۔

23 ۔ ہومیو پیتھک دوا کے ایک قطرے کو آپ ڈسٹلڈ واٹر یا ہومیو پیتھک ڈائیلوشن میں ڈال کر سینکڑوں بلکہ ہزاروں مریضوں میں بانٹ سکتے ہیں۔

پس ثابت ہوا کہ یہ طریق علاج سستا طریق علاج ہے۔

24 ۔ ہومیو پیتھک ادویہ کی قیمتوں میں ایک ترتیب پائی جاتی ہے۔ کسی بھی کمپنی کی 30 پوٹینسی کی ادویہ کی قیمتیں ایک جیسی ہوں گی۔ 200 طاقت کی ادویہ کی قیمتیں ایک جیسی جبکہ ایک لاکھ طاقت ادویہ کی قیمتیں بھی ایک جیسی ہوں گی۔ مثلاً اگر ایک کمپنی کی سلفر 30 (10ml) کی قیمت 20 روپے ہوگی تو اس کمپنی کی نکس وامیکا 30 کی قیمت بھی 20 روپے ہی ہوگی۔ پلسٹیلا 30 ، کاربوویج 30 الغرض تمام 30 طاقت کی ادویہ کی قیمت 20 روپے ہوگی۔ اسی طرح تمام 200 طاقت کی ادویہ کی قیمتیں بھی ایک جیسی ہوں گی۔

25 ۔ ہومیو پیتھک خدمت خلق کا بہترین ذریعہ ہے۔ معمولی طاقت اور استطاعت رکھنے والا انسان بھی حتیٰ کہ ایک غریب آدمی بھی محض چند روپوں سے سینکڑوں مریضوں کا علاج کرسکتا ہے۔

26 ۔ ہومیو پیتھک چونکہ روحانی اور سستا ترین طریق علاج ہے اس لئے اس میں امیر اور غریب ہر طرح کے مریض کو ایک ہی کوالٹی اور ایک ہی Standard کی ادویہ پڑیوں یا گولیوں میں ڈال کر دی جاتی ہیں۔

27 ۔ ہومیو پیتھک ادویہ سے بے شمار آپریشن والے عوارض محض خوردنی ادویہ کے استعمال سے رفع ہوجاتے ہیں اور مریض آپریشن کی صعوبت اور بڑے اخراجات سے بچ جاتا ہے۔

☆☆☆☆

تاریخ عالم کی اہم باتیں

اقوام متحدہ کا قیام

دوسری جنگ عظیم کے خاتمے کے بعد ایک ایسی تنظیم کا قیام وقت کی ضرورت بن چکا تھا جو دنیا میں قیام امن کے لئے جدوجہد کرے اور دوبارہ وہ حالات پیدا نہ ہونے دے جس کے باعث دنیا کے ممالک آپس میں نبرد آزما ہوسکیں۔

چنانچہ 26 جون 1945ء کو دنیا کے 51 ملکوں کے نمائندے امریکہ کے شہر سان فرانسسکو میں جمع ہوئے اور انہوں نے ایک چارٹر پر دستخط کردیئے۔ جس کے نتیجے میں 24 اکتوبر 1945ء ''اقوام متحدہ'' کا قیام عمل میں آ گیا۔ اس تنظیم کا نام امریکہ کے صدر فرینکلن روزویلٹ نے تجویز کیا اور چارٹر کی تیاری کا بیشتر کام فیلڈ مارشل سمٹس (Smuts) نے کیا۔

اقوام متحدہ نے اپنے چار بنیادی ہدف مقرر کئے۔ اول مختلف ممالک کے درمیان پیدا ہونے والے تنازعات کو ختم کرنا۔ دوم مختلف اقوام کے درمیان مساویانہ اور دوستانہ تعلقات پیدا کرنا۔ سوم دنیا بھر کی اقوام کے درمیان معاشیاتی، عمرانی، ثقافتی اور انسانی مسائل کے سلسلے میں تعاون کرنا اور چہارم دنیا کے تمام ممالک کے مسائل کے حل کے لئے ایک مرکز کے طور پر کام کرنا۔

اقوام متحدہ چھ بڑے اداروں پر مشتمل ہے، جنرل اسمبلی، جس میں اقوام متحدہ کے تمام رکن ممالک، مساوی حیثیت کے مالک ہیں، سلامتی کونسل جس کے 15 رکن ہیں ان میں سے 5 ارکان مستقل ہیں، 10 ارکان دودو سال کے لئے منتخب ہوتے ہیں۔ اقتصادی اور عمرانی کونسل کے 27 ارکان ہیں۔ ٹرسٹی شپ کونسل، بین الاقوامی عدالت انصاف اور سیکرٹریٹ ان کے علاوہ بھی اقوام متحدہ کی متعدد ایجنسیاں ہیں جن میں بین الاقوامی ادارۂ محنت، بین الاقوامی ادارۂ غذا، یونیسکو، بین الاقوامی ادارۂ صحت، بین الاقوامی بنک، بین الاقوامی مالیاتی فنڈ، بین الاقوامی شہری ہوابازی کی تنظیم، بین الاقوامی ادارۂ مواصلات، بین الاقوامی ادارۂ ڈاک اور یونیسف کے نام خصوصاً قابل ذکر ہیں۔

پاکستان بھی اقوام متحدہ کا ایک فعال رکن ہے۔ وہ اس عالمی ادارے کا رکن 30 ستمبر 1947ء کو بنا تھا۔ اس وقت دنیا کے 185 ممالک اقوام متحدہ کے رکن ہیں۔

اقوام متحدہ کا قیام 24 اکتوبر 1945ء کو عمل میں آیا تھا اور ہر سال اسی تاریخ کو دنیا بھر میں یوم اقوام متحدہ منایا جاتا ہے۔

بجلی کے بلب کی ایجاد

21 اکتوبر 1879ء کو ایجادات کے بادشاہ تھامس ایلوا ایڈیسن نے بجلی کا بلب ایجاد کیا۔

1800ء سے تقریباً تین چوتھائی صدی تک موجدین اس کوشش میں لگے رہے کہ بجلی سے روشنی پیدا کی جائے۔ کوئی تیس موجدین نے کوشش کی مگر ناکام رہے۔ 1878ء میں ایڈیسن نے جب اعلان کیا کہ وہ اس مسئلے پر کام کرے گا تو فوراً ہی یہ خبر تمام دنیا میں پھیل گئی اور لوگوں کو یقین بھی آ گیا کیونکہ انہیں ایڈیسن پر اتنا اعتماد ہو چکا تھا کہ وہ سمجھتے تھے کہ وہ کوئی بھی چیز ایجاد کرسکتا ہے۔

اس اعتماد کے پیچھے ایڈیسن کی تمام زندگی کی ریاضت شامل تھی۔ وہ 11 فروری 1847ء کو امریکی ریاست اوہایو کے شہر میلان میں پیدا ہوا۔ بچپن ہی سے اسے سائنسی کتابیں پڑھنے اور نت نئے تجربات کرنے کا شوق تھا۔

12 برس کی عمر میں اسے زندگی کی پہلی ملازمت ملی۔ یہ ایک ٹرین پر نیوز بوائے کی نوکری تھی وہ پورٹ ہیورن اور ڈیٹرائٹ کے درمیان ریل گاڑی میں اخبار بیچا کرتا تھا۔ تاہم اس ملازمت میں آمدنی کافی نہیں تھی۔ اس لئے اس نے ایک چھوٹی سی استعمال شدہ پرنٹنگ مشین خریدی اور اپنا ایک ہفتہ وار اخبار ''گرانڈ ٹرنک ہیرالڈ'' شائع کرنے لگا یہ اخبار اس قدر مقبول ہوا کہ جلد ہی اس کی اشاعت 400 کاپیوں تک پہنچ گئی۔

اسی زمانے میں ایڈیسن کو ایک ناگہانی مصیبت کا سامنا کرنا پڑا۔ ہوا یوں کہ ایک مرتبہ وہ چلتی ہوئی گاڑی میں چڑھنے کی کوشش کر رہا تھا تو گاڑی والے نے اس کو کان سے پکڑ کر اوپر کھینچ لیا۔ اس طرح اس کی جان بچ گئی لیکن کان کا اندرونی حصہ زخمی ہوگیا اور وہ ساری عمر ایک طرف سے بہرہ رہا۔

1862ء میں ایڈیسن کی زندگی کا نیا دور شروع ہوا۔ جب اس نے ٹیلی گراف کا کام سیکھا اور اسے 1868ء میں بوسٹن میں ٹیلی گرافسٹ کی ملازمت مل گئی۔

1869ء میں اس نے اپنی پہلی ایجاد کو پیٹنٹ کروایا۔ یہ ایک الیکٹرک ووٹ ریکارڈر تھا جو میکانی طور پر ووٹوں کو درج کرلیتا تھا۔ لیکن بدقسمتی سے امریکن کانگریس نے اس ایجاد کو مسترد کردیا کیونکہ ان کے خیال میں ووٹ دینے کے عمل کو تیز کرنے کی کوئی ضرورت ہی نہیں تھی۔

1869ء ہی میں وہ ملازمت کی تلاش میں نیویارک پہنچا۔ جہاں اس نے ایک آلہ Stock Ticker ایجاد کر ڈالا۔ اس ایجاد کا قصہ بھی بڑا دلچسپ ہے۔ ہوا یوں کہ وہ ایک ورکر سے ملنے کے انتظار میں بیٹھا ہوا تھا کہ اچانک ٹیلی گراف کی ایک مشین میں کوئی خرابی پیدا ہوگئی۔ یہ مشین سونے کے بھاؤ کی اطلاع دیا کرتی تھی اور اس پر لاکھوں کروڑوں کے کاروبار کا انحصار تھا۔ تمام دفتر میں افراتفری اور پریشانی سی مچ گئی۔ لیکن ایڈیسن نے وہ مشین چند منٹ میں ٹھیک کر ڈالی یہی نہیں اس نے اسے ایجاد کیا تھا۔ یہ ایجاد یعنی Stock Ticker وال سٹریٹ کے ایک بڑے تجارتی ادارے نے چالیس ہزار ڈالر میں خرید لی۔ اس رقم نے ایڈیسن کی زندگی کی کایا پلٹ ڈالی۔

اس نے نیویارک (New York) نیوجرسی میں ایک تجربہ گاہ قائم کر ڈالی۔ 1876ء میں وہ مینلو پارک منتقل ہوگیا۔ اگلے برس اس نے گراہم بیل کے ایجاد کردہ ٹیلی فون کو بہتر اور لائق بنایا۔ اس وقت ٹیلی فون میں بولنے اور سننے کے آلے الگ الگ نہیں ہوتے تھے۔ ایڈیسن نے انہیں الگ الگ بنایا اور یہ سسٹم انگلستان میں 30 ہزار پونڈ کے عوض فروخت کردیا۔

اسی برس اس نے اپنی مقبول ترین ایجاد، فونوگراف پیش کی۔ اس ایجاد نے ہر طرف سنسنی پھیلا دی اور اسے دیکھنے سننے والے تماشائیوں نے تجربہ گاہ میں ہجوم کردیا۔ چنانچہ ''مینلو پارک کے لئے خصوصی گاڑیاں چلانی پڑیں اور وہ سارے امریکہ میں مینلو پارک کا جادوگر'' کہلانے لگا۔ یہ ایجاد خود ایڈیسن کو بھی بہت عزیز تھی اور وہ اسے اپنی سب سے پسندیدہ ایجاد کہا کرتا تھا۔

ستمبر 1878ء میں ایڈیسن بجلی کے بلب کی ایجاد کی طرف متوجہ ہوا اور کوئی ایک برس کی محنت شاقہ کے بعد 21 اکتوبر 1879ء کو وہ ایک بلب کو ساڑھے تیرہ گھنٹے تک روشن رکھنے میں کامیاب ہوگیا۔ اگلے برس یکم جنوری کو اس نے مینلو پارک کی بڑی سڑک کو عوام کے سامنے بجلی کی روشنی سے منور کیا۔

1889ء میں وہ متحرک فلموں کی جانب راغب ہوا۔ 1891ء میں ایڈیسن نے ایک آلہ Kenetoscope پیٹنٹ کروایا۔ ایڈیسن نے نیوجرسی میں ایک فلم سٹوڈیو بھی قائم کیا جہاں کئی فلمیں تیار کی گئیں جن میں 1903ء میں تیار ہونے والی فلم ''دی گریٹ ٹرین روبری'' خصوصاً قابل ذکر ہے۔

ایڈیسن کہا کرتا تھا کہ جینیئس 99 فیصد محنت اور ایک فیصد جدت سے وجود میں آتا ہے۔ 18 اکتوبر 1931ء کو اس عظیم جینیئس کا انتقال ہوگیا۔ انتقال کے وقت وہ تقریباً 300 ایجادیں پیٹنٹ کرواچکا تھا اور تقریباً ساڑھے تین ہزار نوٹ بکس اس کے تجربات، نظریات اور نتائج سے بھری ہوئی تھیں۔

21 اکتوبر 1931ء کو اس کی تدفین عمل میں آئی اور اس دن پورے امریکہ کی بجلی اس عظیم موجد کے سوگ میں ایک منٹ کے لئے بجھا دی گئی۔ کیسی حیرت انگیز بات ہے کہ 52 برس پہلے اسی تاریخ کو یعنی 21 اکتوبر 1879ء کو ایڈیسن نے بجلی کا بلب ایجاد کیا تھا۔

بال پوائنٹ پین

بال پوائنٹ پین آجکل ہمارے روزمرہ استعمال کی ایک عام سی چیز ہے۔ مگر انسان کو اس عام سی ایجاد تک پہنچنے میں کئی صدیاں لگی ہیں۔

انسان نے جب لکھنے کا آغاز کیا تو یقیناً انگلیاں ہی اس کا قلم رہی ہوں گی۔ جنہیں وہ جانوروں کے خون یا پودوں کے رس میں ڈبو کر لکھنے کا کام کیا کرتا ہوگا۔ کچھ عرصہ بعد اس نے ہڈیوں، پتھروں اور دھاتوں کے نوکیلے ٹکڑے قلم کے طور پر استعمال کرنا شروع کئے۔

4000 ق م کے لگ بھگ مصریوں نے درختوں کی چھال اور تنوں سے قلم بنانے شروع کئے۔ 1300 ق م کے لگ بھگ اہل یونان نے دھات اور ہڈیوں کے بنے ہوئے ایسے قلم استعمال کرنا شروع کئے جو موم میں پھنسا دیئے جاتے تھے۔ انہیں Stylus کہا تھا۔ 1000 ق م کے لگ بھگ چینیوں نے اونٹ اور چوہے کے بالوں سے بنے ہوئے برش بطور قلم استعمال کرنا شروع کئے۔

تقریباً 500 ق م میں ہنس اور مرغ کے پروں سے بنے ہوئے مُوقلم وجود میں آئے جنہیں انگریزی میں Quill کہا جاتا تھا۔ لفظ ''پین'' کا ماخذ بھی یہی پروں سے بنا ہوا قلم Quill ہے۔ کیونکہ پین لفظ Penna مشتق ہے جس کے معنی لاطینی زبان میں ''پر'' کے ہوتے ہیں۔

Quill کوئی ایک ہزار برس انسان کے استعمال میں رہے۔ اس دوران ہنس کے پروں کے بنے ہوئے Quill سب سے زیادہ مقبول رہے کیونکہ ان میں روشنائی کا بہاؤ بہت روانی سے ہوتا تھا۔ مشہور انگریز ادیب چارلس ڈکنز بھی Quill سے لکھنا بہت پسند کرتا تھا۔

انیسویں صدی کے اوائل میں لوگوں نے Quill کے نعم البدل کے طور پر زیادہ دیرپا قلم بنانے کی طرف توجہ دی اور کچھوے کے خول اور جانوروں کے سینگوں سے نبیں بنانا شروع کیں۔

1829ء میں Thomas Sheldon نے سٹیل کی نِب پر مشتمل قلم ایجاد کیا۔ ابتداء میں یہ قلم Quill کی بہ نسبت بہت مہنگا تھا۔ مگر آہستہ آہستہ ماس پروڈکشن کے باعث سستا ہوگیا۔

انیسویں صدی کے اوائل سے ہی فاؤنٹین پین بنانے کی کوشش بھی شروع ہوئی۔ اس سلسلہ میں ایک امریکن انشورنس ایجنٹ Lweis Edson Waterman نے بہت محنت کی اور 1884ء میں وہ دنیا کا پہلا فاؤنٹین پین بنانے میں کامیاب ہوگیا۔

1888ء میں امریکہ کے John H. Loud نے ایک ایسا بال پوائنٹ ایجاد کیا جو صرف Rough Surface پر ہی لکھ سکتا تھا۔

تاہم موجودہ عہد کا بال پوائنٹ پین ہنگری کے ایک صحافی Lazlo Biro اور اس کے کیمسٹ بھائی

کی مشترکہ کوششوں کا نتیجہ ہے۔

Lazlo Biro ایک رسالے کا مدیر تھا۔ اس نے رسالے کی طباعت کے دوران فوری طور پر خشک ہونے والی سیاہی کا مشاہدہ کیا اور اس اصول کو ترقی دینے لگا کہ کیوں نہ لکھنے کے لئے بھی ایسی سیاہی ایجاد کی جائے جو لکھتے ہی خشک ہوجائے اور دھبہ نہ چھوڑے۔ 1938ء میں اس نے اسی اصول پر مبنی پہلا بال پوائنٹ پین پیٹنٹ کروانے کی کوشش کی مگر دوسری جنگ عظیم چھڑ جانے کے باعث اسے ارجنٹائن بھاگنا پڑا۔ جہاں اس نے 10 جون 1943ء کو دنیا کا پہلا بال پوائنٹ پین پیٹنٹ کروالیا۔

اسی زمانے میں Lazlo Biro کی ملاقات حکومت برطانیہ کے ایک اہلکار ہنری مارٹن سے ہوئی جو اس ایجاد سے بہت متاثر ہوا۔ چنانچہ اس نے Biro سے بال پوائنٹ پین بنانے کے حقوق برطانیہ کے لئے خرید لئے اور 1944ء میں رائل ایئرفورس کے لئے ایک ناکارہ ایئرکرافٹ میں بال پوائنٹ پین بنانے کا آغاز ہوا۔ اس کے سٹاف میں 17 لڑکیاں تھیں جنہوں نے پہلے سال میں 30 ہزار قلم تیار کئے۔

1945ء میں ارجنٹائن کی ایک فرم نے تجارتی پیمانے پر بال پوائنٹ پین بنانے شروع کئے۔ وہ اپنی ناتجربہ کاری کی بناء پر اپنی ایجاد امریکہ میں پیٹنٹ نہیں کرواسکا۔ چنانچہ امریکی تاجروں نے موقع سے فائدہ اٹھایا اور دھڑا دھڑ بال پوائنٹ پین بنانا شروع کردیئے۔

انہوں نے اس قلم کی پبلسٹی بھی دلچسپ انداز سے کی اور لکھا کہ ''یہ وہ قلم ہے جو پانی کے اندر بھی لکھ سکتا ہے''۔ 29/ اکتوبر 1945ء کو یہ قلم بازار میں پیش کئے گئے اور ایک ہی دن میں 10 ہزار سے زیادہ قلم فروخت ہوگئے۔ حالانکہ اس وقت ان کی قیمت بھی خاصی تھی یعنی ساڑھے بارہ ڈالر فی قلم۔

1950ء کے بعد ساری دنیا میں بال پوائنٹ پین کی مقبولیت میں اضافہ شروع ہوا۔ 1980ء میں فرانس کی صرف ایک فرم کی روزانہ کھپت ایک کروڑ بیس لاکھ بال پوائنٹ پین تھی۔

روزنامہ جنگ کا کراچی سے اجراء

روزنامہ جنگ پاکستان ہی کا نہیں دنیا کا سب سے بڑا اردو روزنامہ ہے۔ اس اخبار کا اجراء 1940ء میں دہلی سے اس وقت عمل میں آیا تھا جب دوسری جنگ عظیم اپنے عروج پر تھی۔ کیونکہ ان دنوں تمام اخبارات میں صرف جنگ ہی کی خبریں ہوا کرتی تھیں۔ اس لئے اس اخبار کا نام بھی فقط ''جنگ'' ہی رکھ دیا گیا۔ اس اخبار کے بانی اور مدیر میر خلیل الرحمٰن مرحوم تھے۔

جنگ شروع میں شام کے اخبار کی حیثیت سے شائع ہونا شروع ہوا تھا۔ یہ اخبار برطانوی حکومت کی پالیسیوں پر کھل کر تنقید کرتا تھا جس کو برطانوی حکام زیادہ دنوں برداشت نہ کرسکے اور چند ماہ بعد جنگ کے مدیر میر خلیل الرحمٰن کو قید و بند کی صعوبتیں برداشت کرنی پڑیں۔

